# اُردو

# بال بھارتی

## دوسری جماعت



# بھارت کا آئین

## حصہ 4 الف

## بنیادی فرائض

**حصہ 51 الف**

**بنیادی فرائض – بھارت کے ہر شہری کا یہ فرض ہوگا کہ وہ...**

(الف) آئین پر کار بند رہے اور اس کے نصب العین اور اداروں، قومی پرچم اور قومی ترانے کا احترام کرے۔

(ب) ان اعلیٰ نصب العین کو عزیز رکھے اور ان کی تقلید کرے جو آزادی کی تحریک میں قوم کی رہنمائی کرتے رہے ہیں۔

(ج) بھارت کے اقتدارِ اعلیٰ، اتحاد اور سالمیت کو مستحکم بنیادوں پر استوار کر کے ان کا تحفّظ کرے۔

(د) ملک کی حفاظت کرے اور جب ضرورت پڑے قومی خدمت انجام دے۔

(ہ) مذہبی، لسانی اور علاقائی وطبقاتی تفرقات سے قطع نظر بھارت کے عوام الناس کے مابین یک جہتی اور عام بھائی چارے کے جذبے کو فروغ دے نیز ایسی حرکات سے باز رہے جن سے خواتین کے وقار کو ٹھیس پہنچتی ہو۔

(و) ملک کی ملی جلی ثقافت کی قدر کرے اور اُسے برقرار رکھے۔

(ز) قدرتی ماحول کو جس میں جنگلات، جھیلیں، دریا اور جنگلی جانور شامل ہیں محفوظ رکھے اور بہتر بنائے اور جانداروں کے تئیں محبت وشفقت کا جذبہ رکھے۔

(ح) دانشورانہ رویے سے کام لے کر انسان دوستی اور تحقیقی واصلاحی شعور کو فروغ دے۔

(ط) قومی جائداد کا تحفظ کرے اور تشدد سے گریز کرے۔

(ی) تمام انفرادی اور اجتماعی شعبوں کی بہتر کارکردگی کے لیے کوشاں رہے تاکہ قوم متواتر ترقی و کامیابی کی منازل طے کرنے میں سرگرمِ عمل رہے۔

(ک) اگر ماں باپ یا ولی ہے، چھے سال سے چودہ سال تک کی عمر کے اپنے بچے یا وارڈ، جیسی بھی صورت ہو، کے لیے تعلیم کے مواقع فراہم کرے۔

سرکاری فیصلہ نمبر : ابھیاس-۲۱۱۶/(پر۔نمبر۱۶/۴۳)ایس ڈی-۴-مؤرّخہ ۲۵/اپریل ۲۰۱۶ء
کے مطابق قائم کردہ رابطہ کار کمیٹی کی ۱۹/مارچ ۲۰۱۹ء کو منعقدہ نشست میں اس کتاب کو
تعلیمی سال ۲۰-۲۰۱۹ء سے درسی کتاب کے طور پر منظوری دی گئی۔

مادری زبان کے نئے نصاب کے مطابق

# اُردو

# بال بھارتی

## دؤسری جماعت

مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ

Q9FMBD

اپنے اسمارٹ فون میں انسٹال کردہ Diksha App کے توسط سے درسی کتاب کے پہلے صفحے پر درج Q.R. code کے ذریعے ڈیجیٹل درسی کتاب، اسی طرح درسی کتاب کے مواد سے متعلق دیے ہوئے دیگر Q.R. code کے ذریعے درس و تدریس کے لیے مفید سمعی و بصری وسائل دستیاب ہوں گے۔

پہلا ایڈیشن : ۲۰۱۹ء
(2019)
اصلاح شدہ ایڈیشن : ۲۰۲۱ء
(2021)

© مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ-۴
نئے نصاب کے مطابق مجلسِ مطالعات و ادارت اور مجلسِ مشاورت نے اس کتاب کو ترتیب دیا ہے۔ اس کتاب کے جملہ حقوق مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ کے حق میں محفوظ ہیں۔ کتاب کا کوئی بھی حصہ مذکورہ منڈل کے ڈائرکٹر کی تحریری اجازت کے بغیر شائع نہ کیا جائے۔

**مجلسِ مطالعات و ادارت :**

- ڈاکٹر سیّد یحییٰ نشیط (صدر)
- سلیم شہزاد (رکن)
- سلام بن رزّاق (رکن)
- احمد اقبال (رکن)
- ڈاکٹر قمر شریف (رکن)
- ڈاکٹر سیّد صفدر (رکن)
- ڈاکٹر محمد اسداللہ (رکن)
- بیگم ریحانہ احمد (رکن)
- ڈاکٹر ناصرالدین انصار مزاج الدین (رکن)
- خان حسنین عاقب محمد شہباز خان (رکن)
- خان نویدالحق انعام الحق (رکن سکریٹری)

**مجلسِ مشاورت :**

- خان انعام الرحمٰن شبیر احمد
- اعظمی محمد یٰسین محمد عمر
- ظہیر قدسی
- سیّد خالد سیّد اکبر علی
- وجاہت عبدالستار
- شیخ انتخاب احمد منظور عالم
- ڈاکٹر محمد حسین مشاہد رضوی
- عارفہ سلیم شیخ
- فاروق سیّد
- ڈاکٹر تحسین کوثر سلیم خان
- ڈاکٹر شیخ محمد شرف الدین محمد یوسف
- شیخ آصف اقبال عبدالستار
- خان عارفہ نویدالحق
- سیّد رضیہ خاتون احمد مصطفیٰ
- محمد ابراہیم حسین لکھمیشور
- دیوان محمد شکیل محمد یونس
- ریحان کوثر محمد شمیم

**Member Secretary**
Khan Navedul Haque Inamul Haque
Special Officer for Urdu, Balbharati

**D.T.P. & Layout**
Asif Nisar Sayyed
Yusra Graphics, Shop No. 5, Anamay,
305, Somwar Peth, Pune 11.

**Artist**
Mr. Farukh Nadaf

**Cover**
Mr. Rajendra Girdhari

**Production**
Shri Sachchitanand Aphale
Chief Production Officer

Shri Sachin Mehta
Production Officer

Shri Nitin Wani
Assistant Production Officer

**Paper:** 70 GSM Maplitho

**Print Order:** N/PB/2021-22/5,000

**Printer:** M/S. S GRAPHIX (INDIA) PVT. LTD., THANE

**Publisher:**
**Shri Vivek Uttam Gosavi**
Controller,
M.S. Bureau of Textbook Production,
Prabhadevi, Mumbai - 400 025.

# بھارت کا آئین

## تمہید

**ہم بھارت کے عوام** متانت وسنجیدگی سے عزم کرتے ہیں کہ بھارت کو
ایک مقتدر سماج وادی غیر مذہبی عوامی جمہوریہ بنائیں
اور اس کے تمام شہریوں کے لیے حاصل کریں :
**انصاف**، سماجی ، معاشی اور سیاسی ؛
**آزادی** خیال، اظہار ، عقیدہ ، دین اور عبادت ؛
**مساوات** بہ اعتبارِ حیثیت اور موقع ،
اور ان سب میں
**اُخوّت** کو ترقّی دیں جس سے فرد کی عظمت اور قوم کے اتّحاد اور
سالمیت کا تیقّن ہو؛
**اپنی آئین ساز اسمبلی میں آج چھبّیس نومبر ۱۹۴۹ء کو یہ آئین**
**ذریعۂ ہٰذا اختیار کرتے ہیں،**
**وضع کرتے ہیں اور اپنے آپ پر نافذ کرتے ہیں۔**

## راشٹر گیت

جَنَ گَنَ مَنَ - اَدِھ نایک جَیہ ہے
بھارَت - بھاگیہ وِدَھاتا۔

پَنجاب، سِندُھ، گُجرات، مَراٹھا
دراوِڑ، اُتکَل، بَنگ،

وِندھیہ، ہِماچَل، یَمُنا، گنگا،
اُچّھل جَل دِھ تَرَنگ،

تَوَشُبھ نامے جاگے، تَوَشُبھ آشِس ماگے،
گاہے تَوَ جَیہ گاتھا،

جَنَ گَنَ منگل دایَک جَیہ ہے،
بھارَت - بھاگیہ وِدھاتا۔

جَیہ ہے، جَیہ ہے، جَیہ ہے،
جَیہ جَیہ جَیہ، جَیہ ہے۔

## عہد

بھارت میرا ملک ہے۔ سب بھارتی میرے بھائی اور بہنیں ہیں۔

مجھے اپنے وطن سے پیار ہے اور مَیں اس کے عظیم و گونا گوں وِرثے پر فخر محسوس کرتا ہوں۔ مَیں ہمیشہ اِس ورثے کے قابل بننے کی کوشش کروں گا۔

میں اپنے والدین، استادوں اور بزرگوں کی عزّت کروں گا اور ہر ایک سے خوش اخلاقی کا برتاؤ کروں گا۔

میں اپنے ملک اور اپنے لوگوں کے لیے خود کو وقف کرنے کی قسم کھاتا ہوں۔ اُن کی بہتری اور خوش حالی ہی میں میری خوشی ہے۔

# پیش لفظ

دوسری جماعت میں تمھارا استقبال ہے۔ دوسری جماعت کی اُردو درسی کتاب 'بال بھارتی' تمھیں سونپتے ہوئے ہمیں بہت خوشی ہو رہی ہے۔

دوسری جماعت یعنی تعلیمی منزل کی دوسری سیڑھی، اسے مضبوط بنانے کے لیے تمھیں اُردو زبان میں اچھی طرح بولنے، پڑھنے اور لکھنے کی مہارت حاصل کرنی ہوگی۔ اب تک تم نے اپنے گھر کے ساتھ ساتھ اسکول اور اپنے اطراف میں اُردو زبان بولی اور سنی ہے۔ پڑھنا اور لکھنا بھی اب تک کچھ حد تک تم نے سیکھ لیا ہے۔ لیکن اب تمھیں اور بھی اچھی طرح اُردو زبان سیکھنی ہے اس لیے تمھارے لیے اِس درسی کتاب کے اسباق آسان، سلیس زبان میں لکھے گئے ہیں۔ اس کتاب میں شامل کہانیوں، نظموں، مکالموں اور مضامین کو دلچسپ، پر مسرت بنایا گیا ہے اور دیدہ زیب تصاویر سے مزیّن کیا گیا ہے۔ مزید یہ کہ مشقیں سرگرمیوں پر مبنی ہیں۔

اس درسی کتاب میں شامل نظمیں مل کر گانے میں تمھیں بہت مزا آئے گا۔ اس کتاب میں اخلاقی کہانیاں بھی شامل ہیں جنھیں سنتے اور سناتے وقت لطف آئے گا۔ ان کہانیوں کے سہارے تم اسکول میں مختلف پروگرام اور ڈرامے کر سکو گے۔ تصویروں کی مدد سے کہانی تیار کر کے اپنے دوستوں/سہیلیوں کو سناتے وقت باہری دنیا کو بھول کر تم ان کہانیوں میں کھو جاؤ گے۔ تصویریں دیکھ کر گپ شپ کرتے ہوئے اور اپنے تجربات بیان کرنے میں تمھیں مزا آئے گا۔ معمے زباندانی کے کھیل تخلیقی اظہار کے لیے فراہم کرنے والی سرگرمیوں کے ذریعے سیکھنا ہے۔ زبان کے الفاظ/حروف موتیوں کی طرح قیمتی ہوتے ہیں۔ اس لیے بار بار ہاتھ پھیر کر لکھنے سے تمھاری تحریر خوش خط ہو جائے گی۔ مشق کے ذریعے اس میں پختگی لانا ہے۔ اور یہ سب بے حد مسرت بخش ماحول میں کرنا ہے۔ اس درسی کتاب میں نظمیں، کہانیاں، لفظوں کے گروہ، تصاویر خوانی اور دیگر سرگرمیوں کے لیے کیو.آر.کوڈ دیے ہوئے ہیں۔ ان کے ذریعے فراہم ہونے والی معلومات تمھارے لیے فائدہ مند ثابت ہوگی۔

دوسری جماعت کا تعلیمی سال ختم ہونے تک تم اچھی طرح بولنا، پڑھنا اور خوش خط لکھنا سیکھ لو گے۔ اس کے علاوہ اساتذہ/سرپرست اور بزرگوں کے ذریعے کروائے گئے عملی کام تمھارے لیے یادگار ثابت ہوں گے۔

پیارے بچو! لگن اور محنت سے تعلیم حاصل کر کے تم خوب بڑے آدمی بنو، اس کے لیے نیک خواہشات!

(ڈاکٹر سنیل مگر)
**ڈائرکٹر**
مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و
ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ-۴

پونہ۔
تاریخ : ۶/اپریل ۲۰۱۹ء
بھارتی سَور : ۱۶/چیتر ۱۹۴۱، گڈی پاڑوا

# برائے اساتذہ

دوسری جماعت کے طلبہ کے معیار اور ذوق کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کتاب کے اسباق کا انتخاب کیا گیا ہے۔ عموماً درسی کتب میں شاعروں اور نثر نگاروں کی چند مشہور تخلیقات کو بار بار شامل کیا جاتا ہے۔ زیرِ نظر کتاب میں اس روایت سے بچنے کی کوشش کے ساتھ تنوّع کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔

اس درسی کتاب کے اسباق کہانیوں، نظموں، مکالموں اور مضامین پر مشتمل ہیں جن کے انتخاب میں طلبہ کی عمر، ان کی نفسیات اور مختلف موضوعات پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔ اس بات کا بھی خیال رکھا گیا ہے کہ درسی مواد سے طلبہ کی اخلاقی تربیت ہو اور ان کی قوتِ تخیل اور تخلیقی اظہار میں اضافہ ہو۔ زبان کی تدریس کے لیے کتاب میں آسان و سلیس زبان کا استعمال کیا گیا ہے۔ آموزشی ماحصل کی بنیاد پر ہر سبق کے آخر میں اجتماعی یا انفرادی طور پر حل کرنے کے لیے مشقیں اس طرح تیار کی گئی ہیں کہ نئے الفاظ کے معنی، ان کے تلفظ اور استعمال سے طلبہ واقف ہو جائیں اور انھیں کہانیاں، نظمیں، مکالمے وغیرہ لکھنے کی ترغیب حاصل ہو۔ ساتھ ہی لاشعوری طور پر ان کی قواعد کی معلومات میں بھی اضافہ ہو۔ اس کتاب میں شامل تصویریں بچوں کو غور و فکر کرنے، گفتگو کرنے اور سبق کے متن کو سمجھنے میں آسانی پیدا کرنے والی ہیں۔

اساتذہ اس کتاب کے ذریعے تدریسی و اکتسابی سرگرمیاں اس طرح کروائیں کہ تمام بچے ان میں شریک ہو سکیں۔ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ بچوں میں غور و فکر کی عادت کو فروغ دیں۔ ان کے ساتھ تسہیل کار یا معاون کا رویہ رکھیں۔ کمرۂ جماعت میں ایسا ماحول پیدا کریں کہ بچے آزادانہ طور پر گفتگو کر سکیں اور سوال پوچھ سکیں۔ بچوں کا ادب، کہانیوں کی کتابیں، رسالے وغیرہ کمرۂ جماعت میں بچوں کے لیے دستیاب کرائے جائیں۔ لسانی استعداد (آموزشی ماحصل) کے حصول کے لیے درسی کتاب تک محدود نہ رہتے ہوئے دیگر مواد، لسانی وسائل، اکتسابی بالیدگی کے وسائلِ تعلیم کا صندوق اور جدید سائنسی معلومات کا استعمال لازمی ہے۔ اساتذہ بچوں کو اپنے تاثرات خود ظاہر کرنے اور سرگرمیوں اور سوالوں کے ذریعے سیکھنے کی ہمت افزائی کریں۔ مرتبین نے کوشش کی ہے کہ یہ درسی کتاب بچوں میں ذہنی تناؤ اور اُکتاہٹ کم کر کے ان کی اسکولی زندگی کو خوشگوار بنانے میں مؤثر ثابت ہو۔ اس مخلصانہ کوشش کو مزید بہتر بنانے کے لیے اس کتاب میں غور و فکر کرنے، نئے متن کو جاننے کی خواہش بنائے رکھنے، آپسی گفتگو کرنے اور انجام دی جانے والی سرگرمیوں پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔

نظموں کی تدریس میں بعض مقامات پر الفاظ/مصرعے/اشعار وغیرہ آئے ہیں۔ اِس وقت طلبہ کو ان کے اصطلاحی معنی تو نہیں بتائے جا سکتے مگر چونکہ وہ 'نظم' کے تصور سے واقف ہیں اس لیے مصرعہ/شعر کے تصور سے بھی انھیں واقف کرانا ضروری ہے۔

اساتذہ غیر درسی کتابوں اور رسالوں سے مختلف کہانیاں اور نظمیں تلاش کر کے سماعت کے لیے اُن کا استعمال کریں۔ مختلف موضوعات پر اقتباسات سنائیں۔ اس ضمن میں تعلیمی صندوق کا استعمال کارآمد ثابت ہوگا۔ کوشش کریں کہ جماعت کے ہر طالب علم کو ان سرگرمیوں میں شرکت کا موقع ملے۔

پہلی جماعت میں زیر (ـِ) کی آواز سے طلبہ واقف ہو چکے ہیں۔ بعض اُردو الفاظ میں یہ آواز مجہول بھی سنائی دیتی ہے جیسے 'بہتر، بہن، مہک' وغیرہ لفظوں میں۔ ان میں 'ب/ ہ/ ح' کے نیچے ترچھے زیر کی بجائے آڑا زیر (ـٍ) لگاتے ہیں جیسے 'بہتر/ بہن/ محل' وغیرہ۔

دیکھو، پڑھو اور لکھو کی ہدایت کے تحت اعراب اور حروف کی متصل آوازوں کے ساتھ مشکل الفاظ کا تلفظ بتایا گیا ہے۔ اس نہج پر اساتذہ اسباق میں شامل دیگر الفاظ کی مشق بھی کرائیں۔ عبارتوں میں ضروری اعراب لگانے کی اہمیت ہے۔ اس کی بھی مشق کرائیں۔

# آموزشی ماحصل - دوسری جماعت

## درس میں تجویز کردہ تعلیمی عمل

**تمام طلبہ کو (مخصوص توجہ کے مستحق بچوں کے ساتھ) انفرادی یا اجتماعی طور پر عمل کرنے کے لیے درج ذیل اُمور کی ترغیب دی جائے:**

- اپنی زبان میں بولنے، بحث کرنے کا بھرپور موقع اور آزادی دینا۔
- اُردو زبان میں سنی ہوئی بات، کہانی، نظم، قصے وغیرہ کو اپنے طریقے سے اور اپنی زبان میں بولنے/سوال پوچھنے اور اسی طرح اس میں اپنے خیالات کا اضافہ کرنے کا موقع دینا۔
- بچوں کے ذریعے ان کی زبان میں بولی جانے والی کہانی اُردو زبان اور دیگر زبانوں میں (جو زبان جماعت میں استعمال کی جاتی ہے یا جس زبان میں بچے جماعت میں بات کرتے ہیں) دوبارہ پیش کرنے کا موقع دینا۔ اس سے ان زبانوں کو جماعت میں مناسب مقام حاصل ہوگا اور بچوں کے ذخیرۂ الفاظ، اظہارِ خیال کے فروغ کا موقع حاصل ہوگا۔
- گوشۂ مطالعہ کے ذریعے بچوں کو ان کی سطح کے لحاظ سے مختلف زبانوں کے (بچوں کی خود کی زبان/ اُردو زبان سے) تفریحی وسائل مثلاً بچوں کا ادب، بچوں کے رسائل، بورڈ، سمعی و بصری وسائل مہیا کرنا۔
- تصویروں کی مدد سے اندازے سے مختلف کہانیاں اور نظمیں پڑھنے کا موقع فراہم کرنا۔
- مختلف مقاصد کو پیش نظر رکھ کر تدریسی سرگرمیوں کو مناسب مقام دینا۔ مثلاً کسی کہانی میں کوئی معلومات تلاش کرنا، کہانی میں رونما ہوئے واقعات کی ترتیب اور اس کے پس پردہ منطق کو بتانا، کرداروں سے متعلق اپنی پسند یا ناپسند وغیرہ بتانا۔
- قصہ، نظم پڑھنے کا موقع اور اس پر گفتگو کرنے کا موقع فراہم کرنا۔
- سنی ہوئی، دیکھی ہوئی کہانی کو اپنے طریقے سے ظاہر کرنے کا موقع دینا۔ یہ تصویر، لفظ یا جملوں کی شکل میں بھی ہوسکتی ہے۔
- بچوں کو شکل کے ذریعے حرف تیار کرتے وقت/ لکھتے وقت متوقع معیار کی لکھائی کے لیے جماعت میں ان کی حوصلہ افزائی کرنا۔
- بچوں کی اپنے طور پر لکھی ہوئی تحریر کو زبان سیکھنے کے عمل کا ایک حصہ تصوّر کیا جائے۔
- حوالے اور مقاصد کے لحاظ سے مفید الفاظ اور جملوں کا مطالعہ کرکے اس کو تشکیل دینے کا موقع فراہم کرنا۔

## آموزشی ماحصل

**طالب علم**

**02.04.01** مختلف مقاصد کے لیے اپنی زبان/ اسکول کی زبان کا استعمال کرکے گپ شپ کرتا ہے مثلاً معلومات کے لیے سوال پوچھنا، اپنے تجربات بیان کرنا، اندازے قائم کرنا۔

**02.04.02** گپ شپ، کہانی، نظم وغیرہ غور سے سنتا ہے اور اپنی زبان میں بیان کرتا ہے۔

**02.04.03** دیکھی ہوئی/سنی ہوئی بات، کہانی، نظم وغیرہ کے بارے میں گپ شپ کرکے اپنی رائے کا اظہار کرتا ہے۔

**02.04.04** اپنے اطراف و اکناف رونما ہونے والے واقعات اور سنی ہوئی باتوں میں تعلق قائم کرکے اس سے متعلق گفتگو کرتا ہے مثلاً کہانی، نظم، پوسٹر، اشتہار وغیرہ۔

**02.04.05** زبان کے ہم صوتی لفظوں کے ساتھ کھیل کا لطف اُٹھاتا ہے اور لے اور تال پر پڑھے جانے والے ہم قافیہ الفاظ بناتا ہے۔ جیسے: ایک تھی بلّی، وہ گئی دلّی...

**02.04.06** اپنے تصوّر سے کہانی، نظم وغیرہ بنا کر سناتا ہے اور اس میں مزید اضافہ کرتا ہے۔

**02.04.07** اپنی ذہنی سطح اور پسند کے لحاظ سے کہانی، نظم، تصویر، پوسٹر وغیرہ کو خوشی سے پڑھ کر اپنی رائے کا اظہار کرتا ہے، سوال پوچھتا ہے۔

**02.04.08** تصویر کی چھوٹی چھوٹی باتوں اور مختلف پہلوؤں کا باریک بینی سے مشاہدہ کرتا ہے۔

**02.04.09** تصویر اور تصویری کہانی میں ہونے والے واقعات، عمل اور کرداروں کو مجموعی طور پر سمجھتا ہے اور اس سے محظوظ ہوتا ہے۔

**02.04.10** مانوس اور نامانوس متن سے لطف اُٹھاتا ہے اور اس کا مطلب معلوم کرنے کے لیے مختلف قسم کے وسائل کا استعمال کرتا ہے مثلاً تصویر یا مواد کی مدد سے اندازہ لگانا، حرف اور آواز کے تعلق کا استعمال کرنا، الفاظ پہچاننا، سابقہ تجربات اور معلومات کا استعمال کرکے اندازہ لگانا۔

**02.04.11** لکھے ہوئے یا چھپے ہوئے مواد میں حرف، لفظ اور جملے کی ساخت کو سمجھتا ہے جیسے میرا نام ایاز ہے۔ بتاؤ اس جملے میں کتنے لفظ ہیں؟ یا 'ایاز' لفظ میں کتنے حرف یا کون کون سے حرف ہیں؟

**02.04.12** اُردو کے حروفِ تہجی کی شکلیں اور آوازوں کی شناخت کرتا ہے۔

**02.04.13** اسکول کے باہر اور اسکول میں (کمرۂ جماعت کا گوشۂ مطالعہ/ لائبریری سے) اپنی پسندیدہ کتابیں خود منتخب کرکے پڑھنے کی کوشش کرتا ہے۔

**02.04.14** اپنے طور پر یا استاد کے ذریعے دی ہوئی سرگرمیوں کے تحت تصویریں/ آڑی ترچھی لکیریں، حروف کی شکلیں بناتا اور ان کا استعمال کرکے اپنے طور پر لکھنے کی کوشش کرتا ہے۔

**02.04.15** سنی ہوئی یا اپنے دل کی باتیں اپنے طور پر اور مختلف طریقے سے تصویروں، لفظوں یا جملوں کے ذریعے اظہار کرتا ہے۔

**02.04.16** اپنی روزمرہ زندگی اور اطراف کے ماحول پر مبنی اپنے تجربات کو اپنی تحریر میں شامل کرتا ہے۔

**02.04.17** اپنے دل سے کہانی، نظم وغیرہ لکھنے کی کوشش کرتا ہے۔

# فہرست


| نمبر شمار | | | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| ❖ | سماعت اور عملی کام کے لیے مواد | | ۱ تا ۹ |
| ۱۔ | دُعا | (نظم) | ۱۰ |
| ۲۔ | میرا بدن | | ۱۲ |
| ۳۔ | انمول باتیں | (نظم) | ۱۶ |
| ۴۔ | نیکی کا اثر | | ۲۰ |
| ۵۔ | کوّا | (نظم) | ۲۴ |
| ۶۔ | کام کی باتیں | | ۲۸ |
| ۷۔ | کمپیوٹر | (نظم) | ۳۲ |
| ۸۔ | نورُاللہ | | ۳۴ |
| ۹۔ | دوستی | | ۳۷ |
| ۱۰۔ | آؤ، سبزی اُگائیں | (نظم) | ۴۲ |
| ۱۱۔ | لال بہادر شاستری | | ۴۶ |
| ۱۲۔ | سردی کا گیت | (نظم) | ۵۱ |
| ۱۳۔ | کہنا بڑوں کا مانو | | ۵۵ |
| ۱۴۔ | نئی کہانی | (نظم) | ۵۹ |
| ۱۵۔ | حَسَن گنگو | | ۶۲ |
| ۱۶۔ | صفائی | (نظم) | ۶۵ |
| ۱۷۔ | آم کا پیڑ | | ۶۸ |
| ۱۸۔ | پیارا بھارت | (نظم) | ۷۳ |